**28-06-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

-------------------------------

**(Music)**

-------------------------------

1 NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں پر اپوزیشن کے ہنگامے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی پیر کے روز تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے کہا کہ یہ بیحد اہم معاملہ ہے اور ایوان میں اس پر ضرور بحث ہونی چاہئے۔

2 جھارکھنڈ ہائی کورٹ نے کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں سابق وزیراعلی ہیمنت سورین کو ضمانت دی ہے۔

3 قومی راجدھانی دلی کے متعدد علاقوں میں آج شدید بارش ہوئی ہے۔ دلی ہوائی اڈے کے ٹرمینل۔1 میں چھت گرنے سے ایک شخص ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے ہیں۔

4 کرناٹک کے Haveri ضلع میں ٹیمپو ٹریولر کے ایک ٹرک سے ٹکرانے کے بعد 13 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوگئے ہیں۔

5 خواتین ٹیسٹ کرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان میچ جاری ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PARL AJOURN**

NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں پر اپوزیشن کے احتجاج کے بعد لوک سبھا کی کارروائی پیر کے روز تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پہلے التوا کے بعد ایوان کی کارروائی جب دوپہر 12 بجے شروع ہوئی، کانگریس کے

ارکان نے مذکورہ معاملے پر وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے ایوان میں نعرے بازی شروع کردی۔ کانگریس۔DMK، TMC ، سماجوادی پارٹی اور دیگر پارٹیوں کے ارکان ایوان کے وسط میں آگئے۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اس معاملے کو دیکھنے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ پہلے سے منصوبہ بند طریقے سے ایوان کی کارروائی چلنے کی اجازت نہ دینا پارلیمانی جمہوریت کیلئے صحیح نہیں ہے۔ انہوں نے کہاکہ ارکان صدرجمہوریہ کے خطبے پر شکریہ کی تحریک پر بحث کے دوران معاملے کو اٹھاسکتے ہیں۔NEET امتحان معاملے پر اپوزیشن کے بحث کے مطالبے کو مسترد کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجی جو نے کہا کہ صدر کے خطاب پر بحث کے دوران کسی بھی معاملے پر بحث کرنے کی اجازت دینے کی روایت نہیں ہے۔ انہوں نے کانگریس اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں پر ایوان کے وقار کو مجروح کرنے کا الزام لگایا۔ جناب ریجی جو نے کہا کہ حکومت صدر کے خطاب پر بحث کے دوران اٹھائے جانے والے کسی بھی معاملے کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔ ہنگامہ آرائی کے باعث ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔اس سے قبل آج صبح ایوان کی کارروائی جب شروع ہوئی، اسپیکر اوم برلا نے اس معاملے پر اپوزیشن پارٹیوں کی طرف سے پیش کردہ التوا کے نوٹس کو مسترد کردیا۔ کانگریس، DMK، TMC ، سماجوادی پارٹی سمیت دیگر اپوزیشن پارٹیوں نے NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کا معاملہ اٹھایا اور ایوان میں اس پر بحث کا مطالبہ کیا۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک کے دوران کسی اور معاملے پر بحث کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے ممبران شکریہ کی تحریک پر بحث کے دوران اپنے مسائل اٹھاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ امید ہے کہ سرکار بحث کے دوران اپوزیشن ارکان کے ذریعہ اٹھائے گئے تمام معاملات کا جواب دے گی۔ اسی دوران اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے کہا کہ وہ طلبا کو ایک پیغام دینا چاہتے ہیں کہ یہ معاملہ بیحد اہم ہے اور اس معاملے پر ضرور بحث ہونی چاہئے۔ اسپیکر نے معمول کی کارروائی کو جاری رکھا تبھی کانگریس، ڈی ایم کے ، سماج وادی پارٹی اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کے لیڈران ایوان کے وسط میں آگئے۔ ہنگامہ آرائی کے دوران لوک سبھا کی کارروائی 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ راجیہ سبھا میں بھی نیٹ امتحان کے معاملے پر شورشرابہ ہوا۔ راجیہ سبھا کی کارروائی آج صبح جب شروع ہوئی، چیئرمین جگدیپ دھنکڑ نے اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ کی طرف سے پیش کردہ التوا کے نوٹس کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا کہ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے دونوں ایوان کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب میں پیپرلیک معاملے کی منصفانہ تحقیقات اور قصورواروں کو سخت سزا دینے کا ذکر کیا۔ جناب دھنکڑ نے کہا کہ جب ایوان میں صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث ہوگی تو ارکان کے پاس اس مسئلے پر بحث کرنے کے کافی مواقع ہوں گے۔ کانگریس کے پرمود تیواری نے کہا کہ 25 لاکھ طلبا اس مسئلے پر سڑک پر ہیں۔ اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے کہاکہ پچھلے سات سال میں 70 مرتبہ پیپر لیک کے معاملات سامنے آئے ہیں۔ X

## HEMANT

جھارکھنڈ ہائی کورٹ نے آج 8 اعشاریہ تین چھ ایکڑ اراضی کے غیر قانونی قبضے سے منسلک کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں جیل میں بند سابق وزیراعلی ہیمنت سورین کو ضمانت دے دی ہے۔ فی الحال ہیمنت سورین زمین گھوٹالے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں رانچی کی برسا منڈا سینٹرل جیل میں بند ہیں۔ سورین کو ED نے اس سال 31 جنوری کو گرفتار کیا تھا۔

X

## DELHI RAIN

قومی راجدھانی دلی میں آج صبح شدید بارش ہوئی جس سے شہر کے کئی علاقوں میں پانی جمع ہونے اور ٹریفک جام ہونے کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ شہر کے منٹو روڈ، آئی ٹی او، متھرا روڈ، روہتک روڈ، اوکھلا، تلک برج، اربندو مارگ، آزاد مارکیٹ، آؤٹر رنگ روڈ اور غازی پور بارڈر کے علاقوں میں پانی جمع ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ مانسون دلی میں پہنچ گیا ہے جس سے شہری علاقوں میں پانی جمع ہونے کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ آج صبح قومی راجدھانی میں شدید بارش ہوئی جس سے قومی راجدھانی کے کئی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے سائنسداں آر کے جینا منی نے کہا کہ صفدر جنگ موسمیات کے شعبے نے سب سے زیادہ بارش 228 ملی میٹر ریکارڈ کیا۔ جبکہ لودھی روڈ علاقے میں تقریباً 200 ملی میٹر بارش ہوئی ہے۔ آج شہر میں اوسط سے شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مانسون شمالی اور وسطی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں پہنچ گیا ہے جس میں اترپردیش، راجستھان اور بہار سمیت مزید علاقوں میں پیش رفت کررہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے خطے میں اگلے دو دنوں کے لئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ دریں اثنا آج صبح دلی ائیرپورٹ ٹرمنل ایک کی چھت گرنے سے ایک شخص ہلاک اور چار افراد زخمی ہوگئے۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے کہا ہے کہ آج صبح سویرے شدید بارش کی وجہ سے دلی ائیرپورٹ ٹرمنل 1- کی چھت گرگئی۔ وزارت نے مزید بتایا کہ اس حادثے کے تناظر میں اگلے نوٹس تک ٹرمنل ایک سے آنے جانے والی تمام پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ وزارت نے کہا کہ پروازوں کی آمد و رفت کو معمول پر لانے کے لئے متبادل انتظامات کئے جارہے ہیں۔ شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ انھوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حادثے کے فوراً بعد سرکار نے فوری طور سے CISF اور NDRF سمیت ایمرجنسی ٹیموں کو جائے حادثہ پر روانہ کیا۔ جناب نائیڈو نے کہا کہ حالات قابو میں ہیں اور ٹرمنل ایک کی پروازوں کو ٹرمنل دو اور تین منتقل کردیا گیا ہے۔x

## KARNATAKA ACCIDENT

کرناٹک میں Haveri ضلع کے Byadgi تعلقہ میں Gundenahalli کراسنگ کے نزدیک کھڑی ایک ٹرک سے ٹیمپو ٹریولر کے ٹکرانے سے 13 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوگئے۔ مرنے والوں میں 8 خاتون اور دو بچے شامل ہیں۔ یہ حادثہ آج صبح سویرے ہونے۔بنگلورو قومی شاہراہ پر پیش آیا۔ مہلوکین کا تعلق Shivamogga ضلع کے Yemmihatti گاؤں سے ہے۔ یہ لوگ Yelamma Savadatti دیوی مندر اور مذہبی اہمیت کے حامل دیگر مقامات سے واپس آرہے تھے۔ چاروں زخمیوں کو Haveri ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔Haveri کے پولیس سربراہ نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ اس سلسلے میں ایک کیس درج کیا گیا ہے۔ x

## LAKSHDEEP MEDICAL

بھارتی بحریہ اور ساحلی محافظ دستے نے کل شام لکشدیپ کے بہت زیادہ علیل چار مریضوں کو کامیابی کے ساتھ کوچی پہنچایا۔ ان مریضوں میں دو چھوٹے بچے اور ایک خاتون شامل ہیں۔ بھارتی بحریہ اور کوسٹ گارڈ کے ایک جہاز کو مریضوں کو کوچی سے Agatti منتقل کرنے کے لئے تفصیلات کیا گیا تھا۔ بعد میں انھیں طبی علاج کے لئے کوچی کے ایک مقامی اسپتال میں منتقل کردیا گیا۔x

## DR USHA THAKUR

ڈاکٹر اوشا ٹھاکر کو 12 واں وشو ہندی سمّان اعزاز سے سرفراز کیا گیا ہے۔ انھیں یہ اعزاز نیپال میں بھارتی سفارتخانے کے ذریعے منعقدہ سمواد تقریب میں ہندی ساہتیہ کے فروغ میں اُن کی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ انھوں نے 40 سے زیادہ کتابوں کو ہندی اور نیپالی زبانوں میں ترجمہ کیا اور ہندی زبان کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ اعزاز انھیں بھارت سرکار کی وزارت خارجہ کی جانب سے عطا کیا گیا ہے۔ 12ویں عالمی ہندی کانفرنس 2023 میں فجی میں منعقد کی گئی تھی۔ جس میں ڈاکٹر ٹھاکر شامل نہیں ہوسکی تھیں۔ x

## US PRESIDENTIAL DEBATE

امریکی صدارتی امیدوار ڈیموکریٹک پارٹی کے جوبائیڈن اور اُن کے ریپبلکن حریف اور سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا جمعرات کو اٹلانٹا میں پہلا نشریاتی مباحثہ ہوا۔ دونوں ہی رہنماؤں نے ایک دوسرے کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس کے ساتھ ہی اس مباحثے میں معیشت، امیگریشن اور حفظان صحت جیسے موضوعات بھی زیر بحث آئے۔ سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے مباحثے کا آغاز اپنی مدت کار کے دوران ملک کی معیشت کو فروغ دینے اور کووڈ-اُنیس وباء سے نمٹنے

سے کیا۔ بڑھتی ہوئی قیمتوں پر سوال کے جواب میں صدر بائیڈن نے ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت پر کووڈ-اُنیس وباء کے دوران اقتصادی معاملات میں مبینہ بدانتظامی کا الزام لگایا۔ جناب بائیڈن نے کہا کہ اُنھیں ایک ایسی معیشت ملی، جو لڑکھڑا رہی تھی اور بے روزگاری کی شرح 15 فیصد تھی، جو انتہائی تشویشناک تھی۔ اِس کے جواب میں جناب ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ جب وہ اقتدار میں تھے، تو امریکی معیشت زبردست تھی۔ اسرائیل-حماس جنگ پر اظہارِ رائے کرتے ہوئے صدر بائیڈن نے اِس موقف کا اظہار کیا کہ حماس کو اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔×

## UN HINDI

بھارت سرکار نے اقوام متحدہ میں ہندی کے استعمال کو وسعت دینے کی خاطر Hindi@UN پروجیکٹ کیلئے 11 لاکھ 60 ہزار ڈالر کا تعاون کیا ہے۔ بھارت کے مستقل مشن کے ناظم الامور آر رویندر نے Ian Phillips کو چیک سونپا، جو اقوام متحدہ کے عالمی رابطوں سے متعلق نیوز اور میڈیا ڈویژن کے ڈائرکٹر ہیں۔ بھارت 2018 سے DGC کے ساتھ شراکت دار ہے، جس وقت ہندی زبان کو اقوام متحدہ میں زیادہ سے زیادہ فروغ دینے سے متعلق پروجیکٹ Hindi@UN کا آغاز ہوا تھا۔ یو این عالمی تنظیم سے متعلق معاملات پر ہر ہفتے ہندی نیوز بلیٹن تیار کرتا ہے۔×

## J&K AMARNATH YATRA

جموں کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے جموں میں بھگوتی نگر کے بنیادی پڑاؤ سے امرناتھ یاتریوں کے پہلے جتھے کو آج صبح روانہ کیا۔ جناب سنہا نے اِس سے قبل مندر میں پوجا ارچنا بھی کی۔ سالانہ امرناتھ یاترا کشمیر وادی میں پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے کل شروع ہورہی ہے۔آج صبح یاتریوں کے پہلے جتھے کو روانہ کرنے کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب منوج سنہا نے کہا کہ گزشتہ تین- چار سال میں یاترا کے لئے کئی طرح کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس بار بھی جموں کشمیر انتظامیہ نے سبھی ضروری انتظامات کرلئے ہیں اور سکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔امرناتھ یاترا سے قبل ہزاروں یاتری جموں پہنچ چکے ہیں۔پہلا جتھہ سخت سکیورٹی بندوبست کے تحت ایک قافلے کی شکل میں پہلگام اور بال تل پہنچے گا جہاں سے وہ امرناتھ یاترا شروع کریں گے۔کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پہلگام میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں سالانہ امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔x

## WOMEN'S CRICKET

خواتین کرکٹ میں چنئی کے M.A Chidambaram اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان

ٹیسٹ میچ جاری ہے۔ بھارتی کپتان ہرمن پریت کور نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے ایک وکٹ پر313رن بنا لئے تھے۔

X

## T20 WORLD CUP

مردوں کی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے فائنل میں کل Babados کے مقام پر بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ بھارت اس ٹورنامنٹ کے فائنل میں تیسری مرتبہ پہنچا ہے۔کل رات Guyana میں بھارت دفاعی چمپئن انگلینڈ کو سیمی فائنل میں 68 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 171 رن بنائے۔ کپتان روہت شرما نے بھارت کیلئے سب زیادہ 39 گیندوں میں 57 رن اسکور کئے۔ انگلینڈ کیلئے Chris Jordan نے 3 وکٹ حاصل کئے۔ انگلینڈ کیلئے 172 رن کا جیت کا نشانہ تھا، لیکن اُس کی پوری ٹیم 16 اوور اور 4 گیندوں میں محض 103 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ X

☆☆☆☆☆☆☆☆☆